سوال

(209) عصر اور صبح کی نماز کے بعد مصافحہ کرنا جائز ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اکثر کوکن لوگ عصر اور صبح کی نماز کے بعد مصافحہ کرتے ہیں کیا یہ جائز ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

خاص عصر وفجر کی نماز کے بعد مصافحہ کرنے کی شریعت میں کوئی اصل نہیں ہے۔ اس لیے یہ بدعت ہے۔ اور آنحضرت ﷺ فرماتے ہیں: ''من أحدث فی أمرنا ہذا، مالیس منہ فھورد،، (صحیح البخاری کتاب الصلح باب إذا اصطلحو علی جورفالصلح مردورد 3/167) ملا علی قاری حنفی لکھتے ہیں: ''صرح بعض علماء نا بأنہا مکروہة حینئذ، وأنہا من البدع المذمومة،، انتہی، وقد صوب القاری شیخنا فی شرح الترمذی (3/396). (محدث دہلی ج:8 ش:6 شعبان 1359ھ اکتوبر 1940ء)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ شیخ الحدیث مبارکپوری

جلد نمبر 1

صفحہ نمبر 323

محدث فتویٰ